SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**PRESS RELEASE**

For immediate release

September 14, 2023

# ایس ای سی پی نے ریگولیٹری سینڈ باکس کا دائرہ وسیع کر دیا؛ سارا سال درخواستیں وصول کی جائیں گی

اسلام آباد(14 ستمبر) سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے اپنے ریگولیٹری سینڈ باکس کو ہمہ گیر بنیادوں پر استوار کرتے ہوئے اسے ری اسٹرکچر کر دیا ہے۔ سینڈ باکس فن ٹیک اور چھوٹی کمپنیوں کے لیے سال بھر کھلا رہے گا جبکہ تین شعبوں جن میں اسلامی مالیات، روایتی فنانس اور خواتین کے سٹارٹ اپ ایریاز میں درخواستیں موصول کی جائیں گی۔

سینڈ باکس میں شامل ہونے کے لئے درخواست کا جامع فارمٹ بمہ جانچ کے طریق کار اور اہلیت کی دستاویز، کمیشن کی ویب سائٹ کے سینڈ باکس کے سیگمنٹ میں دستیاب ہیں۔ایس ای سی پی کا ریگولیٹری سینڈ باکس کمپنیوں اور سٹارٹ اپز کو ایک موزوں اور کنٹرول ریگولیٹری ماحول فراہم کرتا ہے جس میں جدید مالیاتی مصنوعات، خدمات، طریقہ کار اور کاروباری ماڈلز کے محدود پیمانے پر لائیو ٹیسٹ کیا جا سکتا ہے۔

اس سے قبل سینڈ باکس میں شامل ہونے کے لئے درخواستیں سال میں ایک بار وصول کی جاتیں تھیں۔ ریگولیٹری سینڈ باکس کے سارا سال کھلا رہنے سے سینڈ باکس کے دائرہ میں وسعت آئے گی اور سٹارٹ اپز کے تسلسل کو یقینی بنائے گی۔ سینڈ باکس میں شمولیت کے خواہشمن اپنے کاروباری منصوبے کے لائف سائیکل کے دوران صحیح مقام پر ریگولیٹری سینڈ باکس میں شمولیت کے لئے درخواست دے سکیں گے۔ درخواست گزار مجوزہ ماڈل درخواست فارم اور جانچ کے طریق کار کے ذریعے درخواست ترتیب دے کر کسی بھی وقت ای میل sandbox@secp.gov.pk پر جمع کروا سکتے ہیں۔

ایس ای سی پی کا ریگولیٹری سینڈ باکس 2019 میں شروع کیا گیا تھا۔ اس عرصے کے دوران سینڈ باکس کو بہت زیادہ پذیرائی ملی اور سینڈ باکس میں کئی غیر ملکی کمپنیوں اور اسٹارٹ اپس اور فنٹیک نے جدید ماڈل کو کامیابی کے ساتھ چلایا اور منظوری حاصل کی۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005